شدیدالرجیاں۔
کیا آپ تیار ہیں؟

'تیار رہیں' کے پروگرام والا واحد
ایپینیفرن آٹو انجیکٹر اور ایک
لازمی حصہ، متبادل خوراک۔

www.twinject.ca

آپ، یا کوئی ایسا شخص جس کی آپ نگہداشت کرتے ہیں، کو Twinject ایپینیفرن آٹو انجیکٹر تجویز کیا گیا ہے، جو شدید الرجی کے رد عمل کا ایمرجنسی جوابی علاج ہے۔ (اس کے لئے مخصوص طبی **اصطلاح اینافیلیکسز ہے۔**) یہ کتابچہ آپ کو اپنی الرجی کا ایک بہتر ادراک، نیز آپ کی Twinject کے فراہم کردہ ایمرجنسی جوابی علاج میں مدد دے گا۔ اس کے علاوہ آپ Twinject 'تیار رہیں (Be Ready)' پروگرام کے بارے میں بھی جانیں گے، جو آپ کو اور ان لوگوں کو جنہیں آپ جانتے ہیں بڑے پیمانے پر رسائی والے ایمرجنسی علاج کی معاونت فراہم کرے گا۔

اینافیلیکسز کیا ہے؟

یہ ایک شدید الرجی کا رد عمل ہے جس سے جسم کے کئی نظام متاثر ہو سکتے ہیں بالائی اور زیریں نظام تنفس (سانس لینے کا سسٹم)، کھال، قلب اور رگوں سے متعلقہ، اور شکم کی آنتوں کے۔ اینافیلیکسز متعلقہ جسم کے جراثیم کا مقابلہ کرنے والے سسٹم کا الرجی پیدا کرنے والی شے (ایک ایسا عنصر جس سے آپ کو الرجی ہے) کی جانب سے ایک بے جا ردّ عمل ہوتا ہے۔ یہ عام طور سے ظاہر ہونے کے بعد جلد ہی واقع ہوتا ہے، اور معمولی سے لے کر جان لیوا تک ثابت ہو سکتا ہے۔ علاج کی مدد سے اس کی شدت میں جلدی سے کمی آ سکتی ہے، جس کو سنبھالنے کے لئے ایپینیفرن کی ایک سے زائد خوراکیں ضروری ہوتی ہیں، ورنہ یہ دوبارہ واقع ہو جاتا ہے، عام طور سے 1 سے 8 گھنٹوں کے بعد۔

اینافیلیکسز فوری توجہ اور علاج چاہتا ہے۔

www.twinject.ca پر جا کر ملاحظہ کریں

اینافیلیکسز کس قدر عام ہے؟

اندازہ یہ لگایا جاتا ہے کہ آبادی کے 2% حصہ (تقریبا 600,000 کینیڈیائی باشندوں) کو شدید الرجی کے رد عمل کا خطرہ لاحق ہے۔ بچوں میں اینافیلیکسز کی شرح زیادہ ہو سکتی ہے، جبکہ گذشتہ 10 برسوں میں اس میں ڈرامائی طور پر اضافہ ہو چکا ہے۔ اگرچہ عام طور سے بچپن میں تشخیص ہو چکی ہو، اس کے باوجود یہ زندگی میں بعد میں کبھی جڑ پکڑ سکتا ہے۔

اینافیلیکسز کے عام اسباب کون سے ہیں؟

اس کے سب سے زیادہ عام اسباب کیڑوں کے ڈنک (بالخصوص بھڑکا)، غذائیں (بالخصوص پھلیاں، درخت کے گری دار میوے، جھینگا وغیرہ اور مچھلی، دودھ اور انڈے)، دوائیں (بالخصوص پینسیلین اور دیگر اینٹی بایوٹک ادویات) اور درخت کا دودھ ہیں۔ بعض غذاؤں کا کوئی مرکب اور ورزش کے نتیجے میں اینافیلیکسز پیدا ہو سکتا ہے، لیکن بعض اوقات کوئی واضح سبب تلاش نہیں ہو پاتا۔

اس کی علامات کیا ہیں؟

مثال کے طور پر، مندرجہ ذیل میں سے ایک یا زائد علامات ظاہر ہو سکتی ہیں جبکہ عام طور سے ہر اس رد عمل کے لئے بعینہ مخصوص طریقہ اپناتی ہیں جن میں آپ مبتلا ہوتے ہیں، اگرچہ علامات کی شدت میں تبدیلی ممکن ہے:

- خارش / جلدی سوزش
- منہ میں دھات کا ذائقہ
- سانس لینے یا نگلنے میں دشواری، خرخرانے کی آواز
- سرخ پڑنا
- ہونٹوں، زبان، چہرہ یا حلق کا ورم
- پیٹ درد، دست، ابکائی، قے کرنا
- دل کی تیز یا پر زور دھڑکنیں
- آنسوؤں کا نکلنا

www.twinject.ca پر جا کر ملاحظہ کریں

تیز جوابی رد عمل
کی ضرورت

مجھے کس طرح سے علم ہوگا کہ آیا مجھ پر کسی قسم کا شدید رد عمل ہوا ہے یا نہیں؟

اگر بیک وقت متعدد علامات ظاہر ہوں، تو فوری علاج ضروری ہوتا ہے۔ الرجی پیدا کرنے والی شے (اشیاء) سے دوچار ہونے کے بعد چند منٹ سے لے کر چند گھنٹوں کے اندر علامات ظاہر ہو سکتی ہیں اور اس میں جان لیوا ثابت ہونے تک کی شدت پیدا ہو سکتی ہے۔ **اینافیلیکسز کی علامات کو ہرگز نظر انداز نہ کریں، خواہ وہ کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہوں۔**

اینافیلیکسز کا باعث ایک ایسا اثر جسے علاج کے ذریعہ ختم کر دیا جاتا ہے کو **ایک فیز والا رد عمل** (Uniphasic reaction) کہا جاتا ہے۔ اگر متعلقہ شخص کے بہتر محسوس کرنے کے بعد دوبارہ علامات ظاہر ہوں، عام طور سے پہلے رد عمل کے 1 سے 8 گھنٹوں کے بعد، اتوسے **دو فیز والا رد عمل** کہا جاتا ہے۔ کسی دو فیز والے رد عمل میں 60% سے زائد دوسرے رد عمل، ابتدائی رد عمل کی مانند شدید یا اس سے بھی خراب ہوتے ہیں۔

یہ جاننا ضروری ہے کہ اینافیلیکسز سے متعلقہ گذشتہ رد عمل کی شدت آئندہ رد عمل کی شدت کا تعین نہیں کرتی، نیز اس کے بعد کے رد عمل بالکل اسی طرح بہتر، یا بد تر ہو سکتے ہیں۔ اس شدت کا دارومدار الرجی کی شدت کی کیفیت اور الرجی پیدا کرنے والی شے کی خوراک پر ہوتا ہے، ناکہ اس پر جس میں آپ پہلے مبتلا ہو چکے ہوں۔

اینافیلیکسز کا علاج کس طرح سے کیا جاتا ہے؟

فوری ایپینیفرن کا انجیکشن انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

جب اس بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں، تو اس کی علامتوں اور علامات کی تشخیص ابتدائی مرحلے میں ہونا ضروری ہے۔ سب سے ضروری علاج فوری ایپینیفرن کا انجیکشن ہے۔ ایپینیفرن کا انجیکشن لگانے کے بعد، آپ کو چاہئے کہ فوری طور پر نزدیک ترین طبی سہولت کے یہاں تشریف لے جائیں۔ ایپینیفرن اینافیلیکسز کا ایمرجنسی علاج فراہم کرتا ہے، لیکن یہ تشخیص اور ہسپتال میں علاج کا نعم البدل نہیں ہوتا۔

بعض رد عمل شدید ہوتے ہیں، اور **اگر پہلی خوراک کے 10 منٹ بعد تک علامات بہتر نہ ہوں، تو ایک دوسری خوراک کی ضرورت پڑے گی۔**

Twinject کیا ہے؟*

Twinject ایک ایپینیفرن **آٹو انجیکٹر** ہوتا ہے، ایک ایسا آلہ ہے جو ایپینیفرن کی ایک خوراک کا خود بخود اہتمام کرتا ہے۔ ہر Twinject آٹو انجیکٹر ایک جامع آلہ میں ایک متبادل خوراک کے ہمراہ آتا ہے۔

* Twinject کو بشمول اینافیلیکسز سے لے کر ڈنک مارنے والے کیڑوں، اور کاٹنے والے کیڑوں، الرجی پیدا کرنے والی شے کے جراثیم سے مقابلہ کرنے کے سسٹم کو بہتر بنانے کے عمل، غذاؤں، درخت کے دودھ، دیگر الرجی پیدا کرنے والی اشیاء، اور دواؤں کے شدید الرجی والے رد عمل کے ایمرجنسی علاج کے لئے تجویز کیا جاتا ہے۔ Twinject کو اینافیلیکسز کے نامعلوم سبب، ورزش کی وجہ سے پیدا ہونے والے اینافیلیکسز، یا اینافیلیکسز سے ملتے جلتے رد عمل کے علاج میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

دو خوراکیں کیوں؟

کسی دوسری خوراک کی ضرورت کی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی۔ ایک تحقیق میں، الرجی کے شدید رد عمل میں مبتلا افراد میں سے 35% کو ان میں پائی جانے والی علامات کے خاتمے کے لئے ایپینیفرن کی ایک دوسری خوراک کی ضرورت پیش آتی ہے۔

اس کے علاوہ، 20% افراد کو، یہاں تک کہ اپنے آپ کو بہتر محسوس کرنے کے بعد بھی چند گھنٹوں بعد علامات کے دوبارہ ظاہر ہونے والے کسی دو فیز والے رد عمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس دوسرے رد عمل کے لئے بھی ایپینیفرن کی ایک اضافی خوراک ضروری ہوتی ہے۔

اینافیلیکسز کینیڈا اور عالمی ادارہ صحت ہر وقت ایپینیفرین کی کم از کم دو خوراکیں ہمراہ لے جانے کو تجویز کرتے ہیں۔

Twinject کو ذخیرہ کیسے کیا جاتا ہے؟

ایپینیفرن روشنی کے معاملہ میں حساس ہوتا ہے اور اسے فراہم کئے گئے ڈبہ میں ذخیرہ کرنا چاہئے، کمرہ کے درجۂ حرارت پر (°20-25 سینٹی گریڈ / °68-77 فارن ہائٹ)۔ مختصر سفروں کے دوران، ایپینیفرن کو °15-30 سینی گریڈ / °59-86 فارن ہائٹ کے درجۂ حرارت میں رکھا جا سکتا ہے۔ منجمد ہونے سے بچائیں اور ریفریجریٹر میں نہ رکھیں۔

اگر میرا Twinject ایپینیفرن بدرنگ ہو جائے تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کا ایپینیفرن دھندلا، گلابی مائل، یا معمولی سے زیادہ زرد رنگت کی طرف مائل ہو جائے، یا اس کے استعمال کی آخری تاریخ گزر چکی ہو، تو کسی متبادل کے لئے اپنے دوا فروش سے رابطہ کریں۔ **کسی جان لیوا الرجی والے رد عمل کی صورت میں، آپ کو چاہئے کہ کسی پرانی مصنوعات کو استعمال کریں بشرطیکہ اس کے علاوہ آپ کے پاس کوئی دوسری موجود نہ ہو۔**

Twinject کو کس طرح سے انجیکٹ کیا جاتا ہے؟

ایپینیفرن کی صحیح ڈلیوری کو یقینی بنانے کے لئے، یہ سمجھنا ضروری ہے کہ Twinject آٹو انجیکٹر اور متبادل خوراک کو صحیح طور سے کس طرح استعمال کیا جائے۔ برائے مہربانی اپنے دوا فروش یا معالج سے کسی عملی نمائش کے لئے کہیں۔

ہر Twinject ایک مستقل طور پر منسلکہ تہہ شدہ چٹ کے ساتھ آتا ہے جس پر انجیکٹ کرنے کا طریق کار واضح طور پر بیان کیا گیا ہوتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اپنے آپ کو کسی ایمرجنسی جوابی صورتحال میں پانے سے **پہلے** آپ جانتے ہیں کہ Twinject ایپینیفرن کی دونوں خوراکوں کا اہتمام کس طرح سے کیا جاتا ہے۔

www.twinject.ca پر جا کر ملاحظہ کریں

TWINJECT انجیکٹ کرنا: بآسانی یاد دہانی کے لئے رنگ کے کوڈ اور ہندسوں کے ساتھ

جب تک Twinject کو استعمال کرنے کے لئے تیار نہ ہو جائیں سبز ڈھکنوں کو نہ نکالیں۔

پہلی خوراک

1. سبز آخری ڈھکن [1] کو نکال لیں؛ آپ کو ایک سرخ نوک دکھائی دے گی۔ سرخ نوک پر انگوٹھا، انگلی یا ہاتھ ہرگز نہ رکھیں۔
2. سبز آخری ڈھکن کو نکال دیں [2]۔
3. سرخ نوک کو جاگھ کے درمیانی حصے (لباس پر سے جا سکتی ہے) کے مقابل رکھیں۔
4. نیچے کی طرف زور سے دبا کر رکھیں یہاں تک کہ سوئی جلد میں داخل ہو جائے۔ آہستہ سے 10 تک گننے کے دوران پکڑے رہیں۔
5. ران پر سے Twinject ہٹا لیں۔
6. سرخ نوک کا جائزہ لیں؛ اگر سوئی نظر آتی ہے، تو آپ کو پہلی خوراک مل چکی ہے۔ اگر نہیں، تو **مرحلہ** 6-3 کو دہرائیں۔
7. **فوری طور پر ایمرجنسی طبی امداد حاصل کریں، جہاں آپ کے لئے 911 کو کال کرنا یا اگلے 48 گھنٹوں کے لئے کسی ہسپتال تک بآسانی پہنچ سکنے کی حدود میں رہنا ممکن ہو وہاں ٹھہر جائیں۔**
8. **فوری طور پر دوسری خوراک کے لئے تیاری کریں۔**

دوسری خوراک کے لئے تیاری کریں

1. سرخ نوک کو کھول کر نکال لیں۔ **دکھائی دینے والی سوئی سے احتیاط برتیں۔**
2. سرنج (پچکاری) کو ڈبے سے باہر نکالنے کے لئے نیلی پلاسٹک کو پکڑیں (سوئی کو ہاتھ نہ لگائیں)۔
3. زرد (YELLOW) کالر کو دھکیلنے والے پرزے (پلنجر) سے دور کو سرکائیں۔ زرد (YELLOW) کالر کو ہٹانے کے دوران پلنجر پر نہ روکیں۔
4. اگر پہلے انجیکشن سے 10 منٹ کے اندر علامات بہتر نہ ہوئی ہوں، تو آپ کو ایک دوسری خوراک کی ضرورت ہے۔

ضرورت پڑنے پر دوسری خوراک انجیکٹ کریں

1. اس کی سوئی کو اپنی ران میں رکھیں، کھال پر سے۔
2. پلنجر کو پوری طرح سے دبائیں۔
3. **فوری طور پر ایمرجنسی طبی امداد حاصل کریں۔**

سرنج کو ڈھکنے لگانا

سرنج، سوئی، کو اٹھائے جانے والے ڈبہ میں رکھ کر پہلے اسے بند کر دیں۔ صحیح سے ڈھکنے لگانے کے لئے اسے ہیلتھ کیئر کے کسی کارکن کو دے دیں۔ **اسے کوڑا دانی میں مت پھینکیں۔**

www.twinject.ca پر جا کر ملاحظہ کریں

Twinject کے سائیڈ افیکٹس کیا ہیں؟

اس کا سب سے عام سائیڈ افیکٹ ایک مزید پر زور دل کی دھڑکن کا احساس ہے۔ اس کے علاوہ پریشانی اور بے چینی بھی ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے اپنے Twinject کے ہمراہ اس کے اندر موجود پیکج کو ملاحظہ کریں۔
جو افراد دل کی بیماری، ذیابیطس، ہائپر ٹینشن اور ہائپر تھائیروئیڈزم میں مبتلا ہوں، بڑی عمر کی حاملہ خواتین ہوں، اور وہ افراد جو ایسی دوائیں لیتے ہوں جن سے ممکن ہے قلب حساس ہو جاتا ہو یا دل کی دھڑکنیں غیر منظم ہو جاتی ہوں انہیں چاہئے کہ Twinject کو استعمال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ **ایپینیفرن کی دو سے زائد سلسلہ وار خوراکوں کا اہتمام صرف براہ راست طبی نگرانی کے تحت کیا جانا چاہئے۔**

Twinject کے 'تیار رہیں (Be Ready)' پروگرام میں رجسٹر کروائیں۔

یہ خصوصی پروگرام اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ آپ، آپ کا خاندان اور دوست احباب الرجی کے کسی بھی سنگین رد عمل کا بخوبی جواب دے سکتے ہیں۔ رجسٹر کروانے کے لئے www.twinject.ca پر جا کر ملاحظہ کریں
یا 1 877 TWINJECT پر کال کریں۔

Twinject 'تیار رہیں (Be Ready)' پروگرام کے فوائد

- **استعمال کی آخری تاریخ کا آٹومیٹک ریمائنڈر۔** آپ کے Twinject کے استعمال کی آخری تاریخ سے پہلے، بذریعۂ ای-میل یا بذریعۂ ٹیلیفون استعمال کی آخری تاریخ کا ایک ریمائنڈر جاری کیا جائے گا۔
- **تربیتی معاونت۔** ہر دوبارہ بھرے جانے کے ہمراہ آپ کو ایک آن لائن از سر نو تربیتی فقرہ خود بخود ارسال کر دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ آپ والدین، اساتذہ اور دوستوں کو آٹو میٹک ای-میل کے ذریعہ سے تربیتی اور از سر نو تربیتی کورسز ارسال کر سکتے ہیں۔
- 1 877 TWINJECT پیشنٹ سپورٹ لائن دن ہو یا رات (24/7) آپ کے لئے دستیاب۔*
- **معلومات مصنوعات۔** Twinject کی ویب سائٹ اور Twinject پیشنٹ سپورٹ لائن کے توسط سے دستیاب ہے۔

*911 کا نعم البدل نہیں۔

Twinject® auto-injector
(epinephrine injection, USP 1:1000)
Available as: 0.3 mg | 0.15 mg

Member R&D PAAB

paladin

کینیڈا میں طبع ہوا۔ P0811385U